# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 22 August 2026**
**Time : 12:30 PM**

## Opening

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل ۔

منوج سنہا

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے عوام سے کہا کہ وہ قوم دشمن عناصر کے تخریبی منصوبوں کے خلاف ہوشیار رہیں اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ حکام کو دیں ۔انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز اکیلے دہشت گردی کو پسپا نہیں کر سکتے بلکہ اس کام کیلئے معاشرے کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

راجوری کے دھر پور سندر بنی علاقے میں امر تیشور سرور کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعے پر منوج سنہا نے کہا کہ سیکورٹی فورسز ،جموں کشمیر پولیس، مقامی انتظامیہ اور مقامی لوگوں کی شمولیت سے خطے میں دہشتگردی کی سرگرمیوں کو بہت حد تک کم کیا گیا ہے اور خطے کے سلامتی منظر نامے میں یکسر تبدیلی واقع ہوئی ہے ۔

------**LG-Rajuri**--------

لیفٹننٹ گورنر نے اپنے خطاب میں دہشت پسندی ،منشیات اور رشوت خوری جیسے سماجی بدعات کا قلع قمع کرنے میں سماجی یکجہتی کو اجاگر کرنے کے علاوہ جموں کشمیر میں اقتصادی ترقی اور روحانی گوناگونیت کے بعض پہلوؤں پر بھی خیالات کا اظہار کیا۔۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ملک کے ایک اعلیٰ سطح کے امتحان میں **NEET-2026** میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے جموں کشمیر کے چار طالب علموں کی عزت افزائی کی ہے ۔ان چار طالب علموں میں ہادیہ نثار، زیدان وانی، آر و گپتا اور ملیہا اعجاز شامل ہیں، جنہیں وزیر اعلیٰ نے سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب پر فی کس ایک لاکھ روپے نقد، ایک ایک کمپیوٹر ٹیب اور عزت افزائی کا ایک ایک سند عطا کیا۔

وزیراعلیٰ نے چاروں طالب علموں کو اس بڑی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کے والدین اور اساتذہ کی بھی سراہنا کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ چاروں طالب علم جموں کشمیر کے دیگر متعدد طالب علموں کو بھی محنت کرنے کی ترغیب دیں گے۔

اس موقعہ پر وزیر تعلیم سکینہ ایتو، وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، ناظم تعلیم کشمیر نصیر احمد وانی اور محکمے کے کچھ دیگر افسران بھی موجود تھے۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے جموں میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران محکمہ جنگلی حیات کی کارگزاری اور اس کی ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انسانوں اور جنگلی جانوروں کے بیچ ہونے والی تصادم آرائیوں کو سائنسی اپروچ کے ساتھ روکنے کی ضرورت اجاگر کی۔

وزیر موصوف نے کہا کہ انسانی زندگیوں کو بچانے کے ساتھ ساتھ جنگلی حیات کا تحفظ بھی ضروری ہے اور یہ کام سماج کی شمولیت سے یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

جاوید رانا نے جمبو چڑیا گھر میں سیاحوں کی تعداد بڑھانے کیلئے ضروری اقدام کرنے پر بھی زور دیا۔

سکینہ ایتو

جموں وکشمیر کے تمام گورنمنٹ میڈیکل کالجوں کے نان گزیٹیڈ ماڈل ریکروٹمنٹ **Rules** اگلے مہینے کی **30** تاریخ تک نوٹیفائی کئے جائیں گے۔ یہ فیصلہ سرینگر میں صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران لیا گیا۔

میٹنگ کے دوران نئے قائم کئے گئے میڈیکل کالجوں کے مؤثر کام کاج کو یقینی بنانے کیلئے اسامیاں شفاف طریقے پر پُر کرنے کے عمل کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بعد میں وزیر موصوفہ نے جی ایم سیز کے احتجاج پر بیٹھے ملازمین سے اپیل کی کہ وہ اپنا احتجاج ختم کریں۔

ستیش شرما

کھیل کود اور امور نوجوانان کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار بچوں کے شوق کو پیشے میں بدلنے کی منشا رکھتی ہے۔ وہ سپورٹس اسٹیڈیم نائید کھائی باندی پورہ میں **SKB** فٹبال چمپئن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت موجودہ سرکار بچوں اور نوجوانوں کیلئے ایک ایسا فعال کھیل کود کا ماحول پیدا کرنے کیلئے پُرعزم ہے جہاں وہ اپنے شوق کو ایک اچھے پیشے میں بدل سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کیلئے ہم انہیں بہتر سے بہتر مواقعے فراہم کریں گے۔

لیبر کمشنر

جموں کشمیر کے لیبر کمشنر ایس چرن دیپ سنگھ نے محکمے کی خدمات میں بہتری لانے کیلئے نئے لیبر کوڈس پر عمل آوری کرنے پر زور دیا ہے۔ وہ سرینگر میں ڈپٹی لیبر کمشنر کشمیر اور وادی کے اسسٹنٹ لیبر کمشنروں کی ایک میٹنگ میں محکمے کی کارگزاری کا تفصیلی جائزہ لے رہے تھے۔

لیبر کمشنر نے عوامی خدمات کے ضمانتی ایکٹ کے تحت پردھان منتری شرم یوگی مان دھن میں اندراج بڑھانے، شکایات کا ازالہ کرنے اور کورٹ معاملات کو نمٹانے کی ضرورت اجاگر کی۔

سپورٹس کونسل

جموں کشمیر سپورٹس کونسل نے کُل ہند فٹبال فیڈریشن کی زیر نگرانی منعقد کئے جانے والے نیشنل فٹبال چمپئن شپس 27-2026 کے لئے سلیکشن ٹرائیلز کا اعلان کیا ہے۔

اس کے تحت جموں کشمیر کی جونیئر گرلز اور سب جونیئر بائیز فٹبال ٹیموں کی سلیکشن کی جائے گی۔ صوبائی سطح کے جونیئر گرلز کھلاڑیوں کا انتخاب 23 اور 24 اگست کو TRC گراؤنڈ سرینگر اور منی سٹیڈیم پریڈ گراؤنڈ جموں میں عمل میں لایا جائے گا۔

یہاں سے شارٹ لسٹ ہونے والے کھلاڑیوں کے یوٹی لیول ٹرائیل 26 اور 27 اگست کو TRC گراؤنڈ سرینگر میں منعقد کئے جائیں گے۔

ان ٹرائلز میں یکم جنوری 2011 سے 31 دسمبر 2012 کے درمیان جنمی لڑکیاں حصہ لے سکتی ہیں۔ اسی طرح سے یکم جنوری 2013 اور 31 دسمبر 2014 کے بیچ جنمے لڑکے حصہ لے سکتے ہیں۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ